مجموع الارقام
۱۰۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

الوقت المحدد
ثلاث ساعات

شہادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ
(ایم اے عربی، اسلامیات) السنۃ الاولی

۲۰۲۳ء/۱۴۴۴ھ — للطالبات — الاختبار السنوی: ف۔ ۱/۱۵


## الورقة الأولى: العقائد والکلام

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوالات حل کریں۔

### حصہ اول ۔۔۔ عقائد نسفی

سوال نمبر1:۔ قال أهل الحق حقائق الأشياء ثابتة۔

(الف) أهل الحق سے کون مراد ہیں؟ نیز حقائق الأشياء ثابتة اس کے ذریعے کن کا رد کیا جارہا ہے؟ ۵+۵=۱۰

(ب) علم کے اسباب بیان کرنے کے بعد حواس سلیمہ بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

(ج) خبر متواتر کی تعریف تحریر کریں۔ ۵

سوال نمبر2:۔ (الف) اللہ تعالیٰ کی صفات ازلیہ بیان کریں۔ ۱۰

(ب) اللہ تعالیٰ کی صفت کلام اور تکوین کی تشریح قلمبند کریں۔ ۱۰

(ج) کیا الہام علم کا سبب ہے؟ ۵

سوال نمبر3:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین کی وضاحت کریں۔ ۱۵

(۱) البعث حق (۲) الوزن حق (۳) الحوض حق (۴) الصراط حق

(ب) خلفاء راشدین کی فضیلت اور ترتیب افضلیت تحریر کریں۔ ۱۰

### حصہ دوم ۔۔۔ الحق المبین

سوال نمبر4:۔ (الف) تعظیم رسول کریم ﷺ پر قرآن مجید کی آیات کی روشنی میں جامع مضمون لکھیں۔ ۲۰

(ب) لزوم کفر اور التزام کفر کسے کہتے ہیں؟ ۵

سوال نمبر5:۔ (الف) توہین رسول ﷺ میں قائل کی نیت کا اعتبار کرنا درست ہے؟ تفصیل سے جواب دیں۔ ۱۵

(ب) مسئلہ تکفیر میں اہل سنت کا مسلک تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6:۔ (الف) اصالت و افضلیت مصطفی ﷺ پر جامع مضمون سپرد قلم کریں۔ ۱۵

(ب) براھین قاطعہ کس کی تصنیف ہے؟ اور کیوں لکھی گئی؟ اس میں افضلیت مصطفی کریم ﷺ کے حوالے سے کیا توہین کی گئی ہے؟ ۱۰

الوقت المحدد
ثلاث ساعات

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

مجموع الارقام
۱۰۰

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ
(ایم اے عربی و اسلامیات) السنۃ الاولیٰ

الاختبار السنوی: ف۔۱۵/۲ للطالبات 2023ء/۱۴۴۴ھ


## الورقة الثانية: الميراث

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے تین سوالات حل کریں۔

**سوال نمبر1:۔** (الف) خاوند اور بیوی کے مکمل احوال بیان کریں۔ ۱۰

(ب) ماں اور باپ کے مکمل احوال تحریر کریں۔ ۱۰

**سوال نمبر2:۔** (الف) کتاب اللہ میں کل کتنے اور کون کونسے فروض ہیں؟ بیان کریں۔ ۱۰

(ب) عصبہ بنفسہ کی اقسام سپرد قلم کریں۔ ۱۰

**سوال نمبر3:۔** قال رسول اللہ ﷺ تعلموا الفرائض وعلموها الناس فانها نصف العلم۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰

(ب) علم فرائض کو نصف العلم کہنے کی دو وجہیں تحریر کریں۔ ۱۰

**سوال نمبر4:۔** (الف) تصحیح کے قوانین میں سے ایک قانون تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) رد کے قوانین میں سے ایک قانون قلمبند کریں۔ ۱۰

**سوال نمبر5:۔** درج ذیل میں سے چار مسائل حل کریں۔ ۱۰x۴=۴۰

(۱) باپ، تین بیٹیاں

(۲) سگی بہن، ماں، چچا

(۳) شوہر، ماں، بیٹا

(۴) بیوی، دادی، چچا

(۵) شوہر، ماں، سگی بہن

(۶) ماں، باپ، بیٹی، بیٹا

الوقت المحدد
ثلاث ساعات

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

شهادة العالية في العلوم العربية والاسلامية
(ایم اے عربی/اسلامیات) السنة الأولى

الاختبار السنوي: ف۔ ۳/۱۵

للطالبات

2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقة الثالثة: الفقه

نوٹ:۔ صرف تین سوالات حل کریں۔

**سوال نمبر 1:۔** وينعقد بلفظ النكاح والتزويج والهبة والتمليك والصدقة وقال الشافعي لا ينعقد إلا بلفظ النكاح والتزويج لأن التمليك ليس حقيقة فيه ولا مجازا عنه لأن التزويج للتلفيق والنكاح للضم۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور صورت مسئلہ واضح کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) لفظ ''وصیت'' کے ساتھ نکاح منعقد ہوجاتا ہے یا نہیں؟ وجہ ضرور تحریر کریں۔ ۱۰

(ج) ایجاب اور قبول کا مفہوم بیان کریں۔ ۴

**سوال نمبر 2:۔** (ومن زنى بامرأة حرمت عليها أمها وبنتها) وقال الشافعي الزنا لا يوجب حرمة المصاهرة لأنها نعمة فلا تنال بالمحظور۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور صورت مسئلہ واضح کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) مذکورہ مسئلہ میں احناف وشوافع کا مؤقف مع الدلائل سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(ج) "المصاهرة" سے کون سا رشتہ مراد ہے؟ ۳

**سوال نمبر 3:۔** وللحر ان يتزوج اربعا من الحرائر والاماء وليس له ان يتزوج اكثر من ذلك لقوله تعالى {فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ} والتنصيص على العدد يمنع الزيادة عليه

(الف) عبارت پر اعراب لگائیں اور اس کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) مذکورہ مسئلہ کی تشریح وتوضیح قلمبند کریں۔ ۱۰

(ج) مذکورہ مسئلہ میں امام شافعی رحمہ اللہ کا مؤقف تحریر کریں۔ ۳

**سوال نمبر 4:۔** الكفاءة في النكاح معتبرة قال عليه السلام "ألا لا يزوج النساء إلا الأولياء ولا يزوجن إلا من الأكفاء" لأن انتظام المصالح بين المتكافيين عادة لأن الشريفة تابى أن تكون مستفرشة للخسيس فلا بد من اعتبارها۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کرکے مذکورہ مسئلہ کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) احناف کے نزدیک کل کتنے اور کون کونسے امور ہیں جن میں کفاءت کا اعتبار کیا گیا ہے؟ ۱۰

(ج) مہر مثلی سے کیا مراد ہے؟ ۳

مجموع الارقام
۱۰۰

2023ء/ ۱۴۴۴ھ

للطالبات

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ

(ایم اے عربی و اسلامیات) السنۃ الاولی

الوقت المحدد
ثلاث ساعات

الاختبار السنوی: ف۔ ۴/۱۵


## الورقة الرابعة: الحديث-۱

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو دو سوالات حل کریں۔

### حصہ اول..... مسند امام اعظم

**سوال نمبر1:۔** أن عبد الله بن رواحة كانت له راعية تتعاهد غنمه وأنه أمرها تتعاهد شاة فتعاهدتها حتى سمنت الشاة واشتغلت الراعية ببعض الغنم فجاء الذئب فاختلس الشاة وقتلها فجاء عبد الله وفقد الشاة فأخبرته الراعية بأمرها فلطمها۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کرنے کے بعد حدیث میں مذکورہ واقعہ مکمل بیان کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) خط کشیدہ صیغہ حل کریں۔ ۵

**سوال نمبر2:۔** عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ يجيء قوم يقولون لا قدر ثم يخرجون منه إلى الزندقة فإذا لقيتموهم فلا تسلموا عليهم وإن مرضوا فلا تعودوهم وإن ماتوا فلا تشيعوهم شيعة الدجال ومجوس هذه الأمة حق على الله أن يلحقهم بهم في النار۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) احادیث مبارکہ کی روشنی میں "تقدیر" کے عنوان پر ایک مختصر مگر جامع نوٹ تحریر کریں۔ ۱۰

**سوال نمبر3:۔** ابو حنيفة عن حماد عن ابي وائل عن عبد الله قال قال رسول الله ﷺ طلب العلم فريضة على كل مسلم۔

(الف) سند سمیت حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) کونسا علم حاصل کرنا فرض عین ہے اور کونسا فرض کفایہ؟ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

### حصہ دوم.......آثار السنن

**سوال نمبر4:۔** قال رسول الله ﷺ لو يعلم المار بين يدي المصلي ماذا عليه من الإثم لكان أن يقف أربعين خيرا له من أن يمر بين يديه۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز اسکی تشریح و توضیح سپرد قلم کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) سترہ کی مقدار بیان کریں؟ نیز بتائیں کہ سترہ کی لکڑی فقط رکھ دینا جائز ہے یا زمین میں گاڑنا ضروری ہے۔ ۱۰

**سوال نمبر5:۔** عن طاؤس قال كان النبي ﷺ يضع يده اليمنى على يده اليسرى ثم يشد بهما على صدره وهو في الصلوٰة۔

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ امام نیموی نے مذکورہ مسئلہ میں کتنے اور کون کونسے مذاہب بیان کیے ہیں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) مذکورہ مسئلہ میں احناف کا مذہب مع الدلیل سپرد قلم کریں۔ ۱۰

**سوال نمبر6:۔** عن ابي هريرة رضي الله عنه ان رسول الله ﷺ قال اذا قال الامام غير المغضوب عليهم ولا الضالين فقولوا آمين فانه من وافق قوله قول الملائكة غفر له ما تقدم من ذنبه۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ تحریر کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) حدیث شریف سے ثابت کریں کہ آمین کو آہستہ پڑھنا مسنون ہے۔ ۱۰

الوقت المحدد
ثلاث ساعات

# تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

شہادۃ العالیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ
(ایم اے عربی و اسلامیات) السنۃ الاولی

مجموع الارقام
۱۰۰

الاختبار السنوی: ف۔ ۵/۱۵

للطالبات

2023ء/۱۴۴۴ھ

## الورقۃ الخامسۃ: الحدیث-۲

**نوٹ: دونوں حصوں سے دو دو سوالات حل کریں۔**

**پہلا حصہ۔۔۔۔ مؤطا امام مالک علیہ الرحمۃ**

**سوال نمبر1:۔** عن عمرۃ بنت عبد الرحمن عن عائشۃ زوج النبی ﷺ انہا قالت کان فیما انزل من القرآن عشر رضعات معلومات یحرمن ثم نسخن بخمس معلومات فتوفی رسول اللہ ﷺ وھن مما یقرأ فی القرآن۔

(الف) اعراب لگا کر سلیس اردو میں ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) مقدار رضاعت میں ائمہ کا اختلاف لکھیں۔ ۵

**سوال نمبر2:۔** مالك أنه بلغه أن عثمان ابن عفان أتى بامرأة قد ولدت فی ستة أشهر فأمر بها أن ترجم فقال له علی بن أبی طالب لیس ذالك علیها فإن الله یقول فی کتابه وحمله وفصاله ثلثون شهرا وقال والوالدات الخ۔

(الف) سلیس اردو میں ترجمہ کریں۔ نیز بتائیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے موقف کو کس طرح ثابت کیا؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) حد کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔ ۵

**سوال نمبر3:۔** مالك عن زید بن أسلم عن رجل من بنی ضمرة عن أبیه أنه قال سئل عن رسول الله ﷺ عن العقیقة فقال لا أحب العقوق وقال من ولد له ولد فأحب أن ینسك عن ولده فلیفعل۔

(الف) حدیث مذکور کا ترجمہ کریں نیز آپ ﷺ کے فرمان "لا أحب العقوق" کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) خط کشیدہ کی صرفی تحقیق کریں۔ ۱۰

**دوسرا حصہ۔۔۔۔ مؤطا امام محمد علیہ الرحمۃ**

**سوال نمبر4:۔** ان عبد الله بن عمر قال: کان رسول الله ﷺ اذا افتتح الصلاة رفع یدیه حذاء منکبیه واذا کبر للرکوع رفع یدیه، وإذا رفع رأسه من الرکوع رفع یدیه، ثم قال" :سمع الله لمن حمده"، ثم قال" :ربنا ولك الحمد"

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) احناف کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین کا کیا حکم ہے؟ ۵

**سوال نمبر5:۔** اخبرنا مالك اخبرنا عبد الرحمن ابن المجبر بن عبد الرحمن بن عمر بن الخطاب انه رأى سالما بن عبد الله بن عمر یدخل اصبعه فی انفه او اصبعیه ثم یخرجها وفیها شئ من دم فیفتله ثم یصلی ولا یتوضأ۔

(الف) سند سمیت حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) نکسیر آنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ ۵

**سوال نمبر6:۔** عن عطاء بن یسار، أن رسول الله ﷺ قال إذا شك أحدكم فی صلاته فلا یدری كم صلی ثلاثًا أم أربعًا، فلیقم فلیُصل ركعةً ویسجد سجدتین وهو جالسٌ قبل التسلیم. فإن كانت الركعةُ التی صلی خامسةً شفعها بهاتین السجدتین، وإن كانت رابعةً فالسجدتان ترْغیمٌ للشیطان.

(الف) حدیث شریف کا اردو میں ترجمہ کریں۔ ۱۵

(ب) سجدہ سہو کن صورتوں میں واجب ہوتا ہے؟ سجدہ سہو سلام کے بعد کیا جاتا ہے یا سلام سے پہلے؟ ۵+۵=۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

شہادۃ العالمیۃ فی العلوم العربیۃ والاسلامیۃ
(ایم اے عربی و اسلامیات) السنۃ الاولیٰ

الاختبار السنوی: ف۔١٥/٦ | للطالبات | ٢٠٢٣ء/ ١٤٤٤ھ

## الورقة السادسة: أصول الحديث

نوٹ: تین سوالات کا حل مطلوب ہے۔

**سوال نمبر1:۔** (الف) حجیت حدیث یا تدوین حدیث پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ ١٣

(ب) مندرجہ ذیل اصطلاحات میں سے چار کی تعریفات سپر دِقلم کریں۔ ٤X٥=٢٠

(١) حجۃ (٢) حاکم (٣) خبر متواتر (٤) خبر مرفوع

(٥) محدث (٦) حدیث

**سوال نمبر2:۔** (الف) حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی ذہانت وفطانت اور خصوصیات پر مختصر مضمون تحریر کریں۔ ٢٠

(ب) حضرت امام مالک رحمہ اللہ کے درس حدیث کا اہتمام اور محبت رسول پر جامع مضمون لکھیں۔ ١٣

**سوال نمبر3:۔** (الف) حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے شمائل وخصائل اور پند ونصائح سپر دِقلم کریں۔ ٢٠

(ب) امام احمد رحمہ اللہ اور فتنہ خلق قرآن پر جامع مگر مختصر نوٹ زینت قرطاس کریں۔ ١٣

**سوال نمبر4:۔** (الف) ظاہر الروایۃ سے مراد کون سی کتابیں ہیں؟ ان کے نام تحریر کریں۔ ١٣

(ب) امام طحاوی رحمہ اللہ کا نام ونسب بیان کرتے ہوئے ان کی تبدیلی مسلک کی وجہ ذکر کریں۔ ٢٠